رہنمائے دکن

17 AUG 2019

## اُردو یونیورسٹی میں فارسی کے اولین انٹرنیشنل سمر اسکول کا پیر کو آغاز

حیدرآباد۔16اگست (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی، شعبۂ فارسی اور جرمنی کی گوٹنگن یونیورسٹی کے اشتراک سے 19/اگست تا 31/اگست "ہند- فارسی ریکارڈس کا مطالعہ اور تجزیہ" کے زیرعنوان فارسی کے اولین انٹرنیشنل سمر اسکول کا انعقاد عمل میں آرہا ہے۔ سید حامد مرکزی لائبریری میں پیر کی صبح 10:30 بجے اس کا افتتاح عمل میں آئے گا۔ پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، صدر شعبۂ فارسی کی اطلاع کے بموجب پروفیسر ایوا آرتھمن، ڈائرکٹر، مرکز مطالعات ایرانیان، گوٹنگن یونیورسٹی، جرمنی اور ہندوستان کے سفیر تہذیب و ثقافت برائے ازبکستان اور لال بہادر کلچر سنٹر (تاشقند) کے ڈائرکٹر پروفیسر چندر شیکھر بھی اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔ ڈاکٹر محمد اسلم پرویز، وائس چانسلر افتتاحی اجلاس کی صدارت کریں گے۔ اس پروگرام کا مقصد حیدرآباد کے کتب خانوں میں محفوظ بین الاقوامی اہمیت کے حامل فارسی مخطوطات کے ذخائر اور نادر دستاویزات کی متن خوانی، نسخہ شناسی اور تشریحی مطالعہ ہے۔ اس میں یوروپ کی مختلف یونیورسٹیز کے فارسی ریسرچ اسکالرز کی ایک بڑی تعداد شرکت کرے گی اور ہندوستان کے ماہرین مخطوطات لیکچر دیں گے۔ اپنی نوعیت کا یہ پہلا بین الاقوامی سمر اسکول ہے جو ہندوستان کی کسی یونیورسٹی میں منعقد ہو رہا ہے۔ یہ شعبۂ فارسی، مانو اور سرزمین دکن کے لیے ایک اعزاز ہے۔

راشٹریہ سہارا

## مانو میں بین الاقوامی فارسی سمر اسکول پروگرام

حیدرآباد (پریس ریلیز) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی حیدرآباد کے زیر اہتمام فارسی کی اولین بین الاقوامی کلاس تابستانی (سمر) کا جرمنی کی گٹنگن یونیورسٹی کے اشتراک سے 19/اگست تا 31/اگست انعقاد عمل میں آرہا ہے۔ پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، صدر شعبۂ فارسی کی اطلاع کے بموجب سید حامد مرکزی لائبریری میں 10:30 بجے صبح اس کا افتتاح عمل میں آئے گا۔ ہندوستان کے سفیر تہذیب و ثقافت برائے ازبکستان پروفیسر چندر شیکھر اور گٹنگن یونیورسٹی جرمنی کی ممتاز دانشور اور معروف محقق مشرقیات پروفیسر ایوا آرتھمن خطاب کریں گے۔ ڈاکٹر محمد اسلم پرویز وائس چانسلر کی صدارت ہوگی۔ اس کلاس تابستانی پروگرام کا مقصد حیدرآباد کے کتب خانوں میں محفوظ بین الاقوامی اہمیت کے حامل فارسی مخطوطات کے ذخائر اور نادر دستاویزات کی متن خوانی، نسخہ شناسی اور تشریحی مطالعہ ہے۔ جس میں یوروپ کی مختلف یونیورسٹیز سے فارسی ریسرچ اسکالرز کی ایک بڑی تعداد شرکت کرے گی۔

سیاست

## مانو میں انٹرنیشنل پرشین سمر اسکول

حیدرآباد16/اگست (آئی این این) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (مانو) جرمنی کی گوٹنجن یونیورسٹی کے ساتھ اشتراک میں پہلے انٹرنیشنل پرشین سمر اسکول کا 19 تا 31 اگست اہتمام کر رہی ہے۔ پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، صدر شعبہ فارسی کے متعلق افتتاحی تقریب صبح 10.30 بجے سید حامد لائبریری آڈیٹوریم، مانو کیمپس میں مقرر ہے۔ یوروپ کی مختلف یونیورسٹیوں سے وابستہ فارسی زبان کے ریسرچ اسکالرس اس سمر اسکول میں شرکت کریں گے۔

Sakshi

## 19 నుంచి ఇంటర్నేషనల్ పర్షియన్ సమ్మర్ స్కూల్

రాయదుర్గం: మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయంలో జర్మనీకి చెందిన గౌట్టింజెన్ యూనివర్శిటీతో కలిసి మొదటి ఇంటర్నేషనల్ పర్షియన్ సమ్మర్ స్కూల్‌ను ఈనెల 19వ తేదీ నుంచి 31వ తేదీ వరకు నిర్వహిస్తారు. 19న ఉదయం 10.30 గంటలకు జరిగే ప్రారంభ కార్యక్రమాన్ని గ్రంథాలయ ఆడిటోరియంలో పర్షియన్ డిపార్ట్‌మెంట్ హెడ్ ప్రొఫెసర్ షాహిద్ నౌకీజ్‌ఆజ్మీ ప్రారంభిస్తారు. ఉర్దూ యూనివర్శిటీ వైస్ చాన్స్‌లర్ డాక్టర్ మహ్మద్ అస్లామ్ పర్వేజ్ అధ్యక్షతన జరిగే ఈ కార్యక్రమంలో ఉజ్బెకిస్తాన్‌లో ఇండియన్ కల్చరల్ అంబాసిడర్ ప్రొఫెసర్ చంద్రశేఖర్, గౌట్టింజెన్ యూనివర్శిటీ ఇరానియన్ స్టడీస్ డైరెక్టర్ ప్రొఫెసర్ ఇవా ఆర్థోమన్ ముఖ్యఅతిథులుగా పాల్గొంటారు. ఈ కార్యక్రమంలో యూరప్ ప్రాంతానికి చెందిన వివిధ యూనివర్శిటీల్లోని పర్షియన్ రీసెర్చ్ స్కాలర్లు పాల్గొంటారు.

راشٹریہ سہارا

18 AUG 2019

## اُردو یونیورسٹی میں فارسی کے اولین انٹرنیشنل سمر اسکول کا کل سے آغاز

حیدرآباد (پریس ریلیز) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی، شعبۂ فارسی اور جرمنی کی گوٹنگن یونیورسٹی کے اشتراک سے 19/اگست تا 31/اگست "ہند- فارسی ریکارڈس کا مطالعہ اور تجزیہ" کے زیرعنوان فارسی کے اولین انٹرنیشنل سمر اسکول کا انعقاد عمل میں آرہا ہے۔ سید حامد مرکزی لائبریری میں پیر کی صبح 10:30 بجے اس کا افتتاح عمل میں آئے گا۔ پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، صدر شعبۂ فارسی کی اطلاع کے بموجب پروفیسر ایوا آرتھمن، ڈائرکٹر، مرکز مطالعات ایرانیان، گوٹنگن یونیورسٹی، جرمنی اور ہندوستان کے سفیر تہذیب و ثقافت برائے ازبکستان اور لال بہادر کلچر سنٹر (تاشقند) کے ڈائرکٹر پروفیسر چندر شیکھر بھی اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔ ڈاکٹر محمد اسلم پرویز، وائس چانسلر افتتاحی اجلاس کی صدارت کریں گے۔ اس پروگرام کا مقصد حیدرآباد کے کتب خانوں میں محفوظ بین الاقوامی اہمیت کے حامل فارسی مخطوطات کے ذخائر اور نادر دستاویزات کی متن خوانی، نسخہ شناسی اور تشریحی مطالعہ ہے۔ اس میں یوروپ کی مختلف یونیورسٹیز کے فارسی ریسرچ اسکالرز کی ایک بڑی تعداد شرکت کرے گی اور ہندوستان کے ماہرین مخطوطات لیکچر دیں گے۔ اپنی نوعیت کا یہ پہلا بین الاقوامی سمر اسکول ہے جو ہندوستان کی کسی یونیورسٹی میں منعقد ہو رہا ہے۔ یہ شعبۂ فارسی، مانو اور سرزمین دکن کیلئے ایک اعزاز ہے۔

راشٹریہ سہارا

19 AUG 2019

## اُردو یونیورسٹی میں فارسی کے اولین انٹرنیشنل سمر اسکول کا آج سے آغاز

حیدرآباد (پریس ریلیز) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی، شعبۂ فارسی اور جرمنی کی گوٹنگن یونیورسٹی کے اشتراک سے 19/اگست تا 31/اگست "ہند- فارسی ریکارڈس کا مطالعہ اور تجزیہ" کے زیرعنوان فارسی کے اولین انٹرنیشنل سمر اسکول کا انعقاد عمل میں آرہا ہے۔ سید حامد مرکزی لائبریری میں پیر کی صبح 10:30 بجے اس کا افتتاح عمل میں آئے گا۔ پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، صدر شعبۂ فارسی کی اطلاع کے بموجب پروفیسر ایوا آرتھمن، ڈائرکٹر، مرکز مطالعات ایرانیان، گوٹنگن یونیورسٹی، جرمنی اور ہندوستان کے سفیر تہذیب و ثقافت برائے ازبکستان اور لال بہادر کلچر سنٹر (تاشقند) کے ڈائرکٹر پروفیسر چندر شیکھر بھی اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔ ڈاکٹر محمد اسلم پرویز، وائس چانسلر افتتاحی اجلاس کی صدارت کریں گے۔ اس پروگرام کا مقصد حیدرآباد کے کتب خانوں میں محفوظ بین الاقوامی اہمیت کے حامل فارسی مخطوطات کے ذخائر اور نادر دستاویزات کی متن خوانی، نسخہ شناسی اور تشریحی مطالعہ ہے۔ اس میں یوروپ کی مختلف یونیورسٹیز کے فارسی ریسرچ اسکالرز کی ایک بڑی تعداد شرکت کرے گی اور ہندوستان کے ماہرین مخطوطات لیکچر دیں گے۔ اپنی نوعیت کا یہ پہلا بین الاقوامی سمر اسکول ہے جو ہندوستان کی کسی یونیورسٹی میں منعقد ہو رہا ہے۔ یہ شعبۂ فارسی، مانو اور سرزمین دکن کیلئے ایک اعزاز ہے۔

راشٹریہ سہارا 17 AUG 2019

# اُردو یونیورسٹی فاصلاتی کورسس، داخلوں کی تاریخ میں 21 اگست تک توسیع

حیدرآباد (پریس ریلیز) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی، نظامت فاصلاتی تعلیم میں داخلوں کیلئے آن لائن فارم جمع کرنے کی تاریخ میں 21 / اگست تک توسیع کی گئی ہے۔ امیدوار 28 اگست تک 1000 روپے دیرانہ فیس کے ساتھ بھی آن لائن فارمس داخل کرسکتے ہیں۔ پروفیسر پی فضل الرحمٰن، ڈائرکٹر انچارج، نظامت فاصلاتی تعلیم کے بموجب یہ توسیع جموں وکشمیر کی صورتحال اور کرناٹک، بہار، مہاراشٹر اور کیرالہ میں آئے سیلاب کے پیش نظر کی گئی ہے۔ بی ایڈ فاصلاتی کے سوا کر یہ توسیع تمام فاصلاتی پروگرامس یو جی، پی جی، ڈپلوما اور سرٹیفکیٹ کورسز کا احاطہ کرے گی۔ ای پراسپکٹس اور آن لائن درخواست فارم ویب سائٹ https://manuucoe.in/DDEOnlineAdmission19/ پر دستیاب ہیں۔ تمام پروگرامس کیلئے درخواست 200 روپے رجسٹریشن فیس کے ساتھ آن لائن داخل کرنی ہوگی۔ اُمیدوار مزید تفصیلات کیلئے طلبہ رہبری یونٹ ہیلپ لائن 040-23008463 اور 040-23120600 (ایکسٹنشن 2207) سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ طلبہ حیدرآباد، نئی دہلی، کولکتہ، بنگلور، ممبئی، پٹنہ، دربھنگہ (بہار)، بھوپال، رانچی، امراوتی، سری نگر (جموں وکشمیر)، جموں، نوح (میوات)، لکھنؤ میں واقع یونیورسٹی کے ریجنل / سب ریجنل سنٹرس سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ مزید تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.ac.in سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔